06-Aug-10

پریس ریلیز

عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ نے فوری طور پر 60 لاکھ روپے کے فنڈ سے صوبہ خیبر پختونخواہ میں امدادی سرگرمیاں شروع کردیں۔

کراچی۔(پ۔ر) عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کی جانب سے خیبر پختونخواہ کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں بھرپور امدادی کام جاری ہے، اس سلسلے میں ترجمان نے بتایا کہ بورڈ آف ٹرسٹیز کے اراکین شمیم احمد چاندنہ، انجینئر ریحان یاسین، چودھری عمران نثار اور کارکنوں پر مشتمل امدادی ٹیم نے سیلاب سے بدترین تباہی کا شکار نوشہرہ، چارسدہ اور پبی میں امدادی کیمپ قائم کر کے متاثرین کو ادویات، اشیائے خوردنوش فراہم کردی گئیں ہیں۔

امدادی ٹیم نے 16 لاکھ روپے کی ادویات، 11 لاکھ روپے کی اشیائے خوردنوش اور تقریباً 2 لاکھ روپے کی اشیائے ضروریہ، عمرزئی، اتمان زئی، چارسدہ، محبّ بانڈہ، امان کوٹ پبی، اکوڑہ خٹک، نوشہرہ اور مردان میں سیلاب سے متاثر خانماں برباد افراد کو فراہم کیں۔ امدادی ٹیم نے ادویات اور کھانے پینے کی اشیاء کے علاوہ پینے کا صاف پانی، تکیے، چٹائیاں، ربر کی چپلیں، برتن، کولرز اور پانی کی ٹنکیاں بھی فراہم کیں۔ اس سلسلے میں کراچی اور اسلام آباد کے دفاتر میں امدادی کیمپ قائم کیے گئے ہیں جہاں جمع ہونے والا سامان صوبہ بلوچستان، پنجاب اور سندھ میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے متاثرین کو بھی تقسیم کیا جائے گا۔

عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کے اراکین نے کراچی کے مخیرّ حضرات سے اس کڑے وقت میں متاثرین کی مدد کرنے کی پرُ زور اپیل کی ہے۔

#